میلادِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موضوع پر ایک قدیم شہ پارہ

"حسن المقصد فی عمل المولد"

پہلی بار اصل عربی متن وار دو ترجمہ کے ساتھ منظر عام پر

محفلِ میلاد کا مقصدِ خیر

مُصنّف

امام جلال الدین سیوطی

(المتوفی ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء)

مُترجم

پروفیسر محمد طفیل سالک



فلاح ریسرچ فاونڈیشن



FALAAH RESEARCH FOUNDATION

523/7, Waheed Market, Matia Mahal, Jama Masjid, Delhi-110006

Mobile: 09867934085 / Email: zubairqadri@in.com

میلادِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موضوع پر ایک قدیم شہ پارہ "حسن المقصد فی عمل المولد"
پہلی بار اصل عربی متن وار دو ترجمہ کے ساتھ منظر عام پر

محفلِ میلاد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مقصدِ خیر

امام جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ
(المتوفی ۹۱۱ھ/۱۵۰۵ء)

مترجم:
پروفیسر محمد طفیل سالک

ناشر
فلاح ریسرچ فاؤنڈیشن
523/7، وحید کتب مارکیٹ، مٹیامحل، جامع مسجد، دہلی ۶
رابطہ: 09867934085
ای میل: abdullahalchisti@yahoo.com
www.falaah.co.uk

QASID KITAB GHAR
Mohammad Hanif Razvi Nagarchi
Near Jamia Masjid, Arcot Dargah,
BIJAPUR-586104, (Karnataka)

نام کتاب : محفلِ میلاد صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصدِ خیر
مصنف : امام جلال الدین سیوطی
کمپوزنگ : کامل احمد نعیمی
تزئین وتصحیح : محمد زبیر قادری
اشاعتِ اوّل : شوال المکرم ۱۴۳۴ھ/اگست ۲۰۱۳ء
تعدادِ اشاعت : ۱۱۰۰
صفحات : ۴۰
قیمت : Rs. 30/-

ملنے کے پتہ

☆ بنگلور

☆ کان پور

☆ دہلی: کتب خانہ امجدیہ، مٹیا محل، جامع مسجد دہلی 011-23243187

☆ ممبئی: ناز بک ڈپو، بھنڈی بازار، محمد علی روڈ، ممبئی ۳

Name of the Book: Ĥusn al-Maqşid fi Ámal al Mawlid
(Arabic with Urdu)
Author: Imām Jalāluddīn al-Suyūţi
Translator: Prof.Ţufail Sālik
Publisher : Falaah Research Foundation
523/7, Waheed Kutub Market, Matia
Mahal, Jama Masjid, Delhi-110006

عرضِ ناشر

امام جلال الدین سیوطی (ولادت: ۸۴۹ھ/ ۱۴۴۵ء۔ وصال: ۹۱۱ھ/ ۱۵۰۵ء) دسویں صدی ہجری کے مجدد تھے۔ آپ ایک جلیل القدر محدث، مفسّر، مؤرخ، شافعی فقہ کے امام کے ساتھ ساتھ مختلف اسلامی علوم وفنون پر مہارت رکھتے تھے۔ کم وبیش ۷۲۳[1] کتابیں تصنیف کیں۔ جن میں بعض ''جمع الجوامع المعروف بالجامع الکبیر'' جیسی ضخیم کتاب ہے، تو بعض محض چار صفحے کے رسالہ پر مشتمل ہے۔

امام سیوطی نے اپنے مختلف رسائل کو یکجا کرکے "الحاوی للفتاویٰ" کی شکل میں ترتیب دیا اور یہ مجموعۂ فتاویٰ ۱۴۰۲ھ/ ۱۹۸۳ء میں دو جلدوں میں شائع ہوا۔ جس میں میلادِ مبارک سے متعلق یہ رسالہ "حسن المقصد فی عمل المولد" جلد اوّل کے صفحہ ۱۸۹ سے ۱۹۸ پر موجود ہے۔[2] بعد میں شیخ عبدالقادر عطا کی تحقیق کے ساتھ یہ رسالہ الگ سے کتابی صورت میں دار الکتب العلمیہ، بیروت سے ۱۴۰۵ھ/ ۱۹۸۵ء شائع کیا گیا۔

فلاح ریسرچ فاؤنڈیشن کی جانب سے شائع ہونے والا یہ نسخہ الحاوی للفتاویٰ سے لیا گیا ہے۔ اس کا اردو ترجمہ پروفیسر محمد طفیل سالک صاحب (لاہور) نے کیا جو ۱۴۱۱ھ/ ۱۹۹۰ء میں اِدارۂ معارفِ نعمانیہ، لاہور پاکستان سے طبع ہوا اور ہم کو جناب خلیل رانا کی معرفت حاصل ہوا۔ ہم اُن کے شکر گزار ہیں۔ امام سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کے یہ رسالہ ''محفلِ میلاد کا مقصدِ خیر'' پہلی بار ہندوستان میں شائع کیا جارہا ہے۔ اہلِ علم حضرات کے لیے کتاب کا اصل عربی متن بھی شاملِ کتاب ہے۔

فلاح ریسرچ فاؤنڈیشن اسی طرح اپنے اسلاف کی نادر ونایاب تحریروں کو منظرِ عام پر لانے کا کام کر رہا ہے۔ اللہ ربّ العزت' پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقے وطفیل ہماری اس کاوش کو قبولِ عام فرمائے۔ آمین

سید محمد فضل اللہ صابری چشتی

جمعہ ۱۱ر شعبان المعظم ۱۴۳۴ھ/ ۲۱ر جون ۲۰۱۳ء

---

[1] دلیل مخطوطات السیوطی وأماکن وجودہ۔ مرتبہ: احمد سعید خازندار، محمد ابن ابراہیم شیبانی، ناشر مکتبۃ ابن تیمیۃ، ۱۹۸۳ء، کویت

[2] الحاوی للفتاویٰ، جلد اوّل، دار الکتب العلمیہ، ۱۴۰۲ھ/ ۱۹۸۳ء بیروت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ وسلام علی عبادہ الذین اصطفی

سوال یہ ہے کہ ماہِ ربیع الاوّل میں حضور نبی مکرم نورِ مجسم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا میلاد شریف منانے کے بارے میں شریعت کا کیا حکم ہے؟ کیا یہ شرعی نکتۂ نظر سے محمود ہے یا مذموم؟ اور کیا ان کا انعقاد واہتمام کرنے والے کو ثواب ملے گا یا نہیں؟

تقریبِ مسرّت

میرے نزدیک اس کا جواب یہ ہے کہ میلاد شریف دراصل ایک ایسی تقریبِ مسرّت ہوتی ہے جس میں لوگ جمع ہو کر بقدر سہولت قرآن مجید کی تلاوت کرتے ہیں اور حضور نبی اکرم فخر عالم ﷺ کے ظہور سراپا نور کے سلسلے میں جو خوش خبریاں احادیث وآثار میں آئی ہیں اور جو خوارق عادات اور نشانیاں ظاہر ہوئی ہیں، انہیں بیان کرتے ہیں۔ پھر شرکاے محفل کے آگے دسترخوان بچھایا جاتا ہے۔ وہ حسب طلب اور بقدر کفایت ماحضر تناول کرتے ہیں اور دعاے خیر کر کے اپنے اپنے گھروں کو لوٹ جاتے ہیں۔ میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں منعقد کی جانے والی یہ تقریب عید، بدعتِ حسنہ ہے، جس کا اہتمام کرنے والے کو ثواب ملے گا، اس لیے کہ اس میں حضور نبی محترم ﷺ کی تعظیم، شان اور آپ کی ولادتِ باسعادت پر فرحت وانبساط کا اظہار پایا جاتا ہے۔

میلاد شریف کی تاریخ

میلاد شریف کو مروّجہ اہتمام کے ساتھ منعقد کرنے کی ابتدا اربل کے حکمران سلطان مظفر نے کی، جس کا پورا نام ابوسعید کوکبری بن زین الدین علی بن بکتگین ہے۔ اس کا شمار عظیم المرتبت سلاطین اور فیاض اُمرا میں ہوتا ہے۔ اس نے کئی اور نیک کارنامے بھی سرانجام دیے اور یادگاریں قائم کیں۔ کوہِ تاسیون کے دامن میں جامع مظفری تعمیر کرائی۔

ابن کثیر اس کے بارے میں لکھتے ہیں:

"سلطان مظفر ربیع الاوّل کے مہینے میں میلاد شریف کا نہایت شان وشوکت اور تزک واحتشام سے اہتمام کرتا تھا اور اس سلسلے میں ایک عظیم الشان جشن منعقد کرتا۔ وہ ایک ذکی القلب، دلیر، زیرک، عالم اور عادل حکمران تھا۔ اللہ اس پر رحمت کرے، اور معزز مقام ومرتبے سے نوازے۔ شیخ ابوخطاب بن وحیہ نے اس کے لیے میلاد شریف کے موضوع پر ایک کتاب بھی لکھی، جس کا نام انہوں نے التنویر فی المولد البشیر النذیر رکھا۔ جس پر سلطان نے انہیں ایک ہزار دینار انعام دیا۔ وہ تا دمِ مرگ حکمران رہا۔ اس کی وفات ۶۳۰ھ میں شہر "عکا" میں ہوئی۔ اس وقت اس نے فرنگیوں کا محاصرہ کر رکھا تھا۔ مختصر یہ کہ انتہائی نیک سیرت اور پاک طینت آدمی تھا۔

سبط ابن الجوزی نے "مراۃ الزمان" میں لکھا ہے کہ سلطان مظفر کے ہاں میلاد شریف میں شریک ہونے والے ایک شخص نے بیان کیا کہ اس نے خود شمار کیا کہ شاہی دسترخوان میں پانچ سوختہ بکریاں، دس ہزار مرغیاں، ایک لاکھ آب خورے اور تیس ہزار ٹوکرے شیریں پھلوں سے لدے پڑے تھے۔ مزید لکھتے ہیں کہ میلاد شریف کی تقریب پر سلطان کے ہاں بڑے بڑے جید علما اور جلیل القدر صوفیہ آتے، جنہیں وہ خلعت واکرام شاہی سے نوازتا تھا۔ صوفیہ کے لیے ظہر سے لے کر فجر تک محفلِ سماع ہوتی، جس میں وہ بنفسِ نفیس شریک ہوتا اور صوفیہ کے ساتھ مل کر وجد کرتا تھا۔ ہر سال میلاد شریف پر تین لاکھ دینار خرچ کرتا۔ باہر سے آنے والوں کے لیے اس نے ایک مہمان خانہ مخصوص کر رکھا تھا۔ جس میں ہر شعبۂ زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگ بلا لحاظ مرتبہ مختلف اطراف واکناف سے آ کر ٹھہرا کرتے۔ اس مہمان خانہ پر ہر سال ایک لاکھ دینار خرچ اٹھتا تھا۔ اسی طرح ہر سال دو لاکھ دینار فدیہ دے کر فرنگیوں سے اپنے مسلمان قیدی رہا کراتا اور حرمین کی نگہداشت اور حجازِ مقدس کے راستے میں (حجاج کرام کے لیے) پانی مہیا کرنے کے لیے تین ہزار دینار سالانہ خرچ کیا کرتا تھا۔ یہ ان صدقات وخیرات کے علاوہ ہے جو پوشیدہ طور پر کیے جاتے۔ اس کی بیوی ربیعہ خاتون بنت ایوب جو سلطان ناصر صلاح الدین کی ہمشیرہ تھی، بیان کرتی ہے کہ اس کی قمیص موٹے

کرباس (کھدر کی قسم کے کپڑے) کی ہوتی تھی۔ جو پانچ درہم سے زیادہ لاگت کی نہیں ہوتی تھی۔ کہتی ہیں کہ ایک بار میں نے اس سلسلے میں انہیں ٹوکا تو انہوں نے کہا کہ میرے لیے پانچ درہم کا کپڑا پہن کر باقی صدقہ وخیرات کردینا اس سے کہیں بہتر ہے کہ میں قیمتی کپڑے پہنا کروں اور کسی فقیر اور مسکین کو خیر باد کہہ دوں۔

میلادشریف کے موضوع پرسب سے پہلی کتاب

ابن خلکان نے حافظ ابوالخطاب ابن وحیہ کے حالات زندگی میں لکھا ہے:

"وہ جید علما اور مشاہیر فضلا سے تھے۔ مغرب سے شام وعراق آئے۔ راستے میں ٦٥٤ھ میں اربل کے علاقے سے گزرے۔ اس کے حکمران ملک معظم مظفر الدین بن زین الدین کو دیکھا کہ وہ میلاد النبی ﷺ منانے کا اہتمام کرتا ہے تو اس کے لیے کتاب 'التنویر فی المولد البشیر النذیر' لکھی اور خود اسے پڑھ کر سنائی۔ ہم نے اس کتاب کو سلطان کے ہاں ٦٢٥ھ میں چھ نشستوں میں سنا ہے۔"

انکارِ میلاد پر فاکہانی کا رسالہ

شیخ تاج الدین عمر بن علی لخمی اسکندری، جو فاکہانی کی نسبت سے مشہور ہیں، نے دعویٰ کیا ہے کہ میلاد شریف بدعتِ مذمومہ ہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں ایک مضمون لکھا ہے جس کا عنوان ہے "المورد فی الکلام علی المولد" ذیل میں اسے پورے کا پورا نقل کرتا ہوں اور پھر حرف بحرف کلام کروں گا۔

کہا شیخ نے، اللہ اُن پر رحم کرے۔ سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں حضور سید المرسلین ﷺ کی اتباع کی ہدایت دی اور دین کے ارکان اور ضروری اصولوں پر قائم رہنے کی توفیق بخشی اور سلف صالحین کے آثار اور طریقے کی پیروی کو ہمارے لیے آسان بنایا۔ حتیٰ کہ ہمارے دل علم شرع کے انوار اور حق مبین کے دلائلِ قطعیہ سے ہوگئے اور ہمارے باطن کو دین میں پیدا ہونے والی نئی نئی بدعتوں اور محدثات کی گندگی اور آلودگی سے پاک رکھا۔ میں اس کا حمد وشکر ادا کرتا ہوں کہ اس نے انوارِ یقین سے ہمیں منور فرمایا اور

حبل متین کو مضبوطی سے پکڑے رکھنے کی ہمت بخشی اور یہ اسی کا احسان وکرم ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ وحدہٗ لاشریک ہے۔ وہ بلاشبہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ اوّلین وآخرین کے سردار ہیں۔ اللہ اُن پر، اُن کے آل واصحاب اور ازواجِ مطہرات پر جو مومنوں کی مائیں ہیں، قیامت کے دن تک درود وسلام نازل فرمائے۔

امابعد: سائلین کی ایک جماعت نے بہ تکرار یہ سوال کیا کہ ماہِ ربیع الاوّل میں بعض لوگ جو اجتماع کرتے ہیں اور اسے مولود کا نام دیتے ہیں، کیا شریعت میں اس کی کوئی اصل ہے؟ یا یہ دین میں ایک نئی اختراع اور بدعت ہے؟

میں کہتا ہوں اور اللہ ہی توفیق عنایت فرمانے والا ہے کہ مجھے کتاب وسنّت میں میلاد شریف کی کسی اصل کا علم نہیں ہوسکا اور نہ ہی علمائے اُمت سے جو دین کے قائد اور متقدمین کے آثار پر قائم ہیں، اس کا علم منقول ہوا ہے۔ بلکہ یہ سراسر بدعت ہے، جسے فضول اور بے ہودہ لوگوں نے ایجاد کیا ہے اور یہ ان بندگانِ شکم کی شہوت نفس کی پیداوار ہے جو کھانے پینے کے بہانے ڈھونڈتے رہتے ہیں۔

دلیل اس کی یہ ہے کہ جب ہم اس پر شریعت کے احکام خمسہ وارد کرتے ہیں تو ہم کہتے ہیں کہ یہ یا تو واجب ہوگی یا مندوب یا مباح یا مکروہ یا حرام۔ اور اس پر سبھی کا اجماع ہے کہ یہ واجب نہیں ہے، نہ ہی یہ مندوب ہوسکتی ہے اس لیے کہ مندوب وہ امر ہوتا ہے جس کا شریعت نے مطالبہ تو کیا ہو لیکن نہ کرنے والے کی مذمت بھی نہ کی ہو (یعنی اس کے نہ کرنے پر کوئی مواخذہ نہ ہو) میلاد شریف ایک ایسا کام ہے جس کا شریعت نے حکم نہیں دیا، اور نہ ہی صحابہ اور تابعین نے اسے کیا ہے اور نہ ہی متقدین علما نے جن کا مجھے علم ہے اور اللہ تعالیٰ کے دربار میں اگر مجھ سے اس کے بارے میں پوچھا گیا تو میرا یہی جواب ہوگا۔ اس لیے کہ اس پر اہلِ اسلام کا اجماع ہے کہ دین میں کوئی بدعت مباح نہیں ہوسکتی۔ اب دو ہی صورتیں باقی رہ گئیں کہ یا تو یہ مکروہ ہوگی یا حرام۔ ذیل میں انہی کے بارے میں الگ الگ گفتگو ہوگی اور دونوں حالتوں میں جو فرق ہے اسے بیان کیا جائے گا۔"

ایک صورت یہ ہے کہ کوئی شخص اپنے ذاتی مال سے میلاد شریف کا اہتمام کرے۔ اپنے اہل وعیال اور دوست احباب کو دعوت دے، وہ اس میں شریک ہو کر کھانا کھائیں اور کوئی خلافِ شرع کام نہ کریں۔ اسی کو ہم بدعتِ مکروہ اور شاعہ کہتے ہیں۔ اس لیے کہ متقدمین پیشوایانِ دین یعنی فقہاے اسلام اور علماے انام جو کہ ہر دور اور جگہ کے لیے چراغِ ہدایت اور زینتِ عالم ہیں، میں سے کسی نے ایسا نہیں کیا۔

دوسری صورت میں گناہ کا عنصر غالب ہوتا ہے۔ نمود ونمائش اور داد ودہش کے مظاہرے میں حصہ لینے والوں کی عزتِ نفس مجروح ہوتی ہے اور ان میں دریوزہ گری اور محرومی کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ جب کوئی چیز ملتی ہے تو نفس اسے کوستا اور دل ملامت کرتا ہے اور یوں غم وافسوس میں مبتلا ہو کر وہ رنجیدہ وکبیدہ خاطر ہو جاتا ہے۔ علما نے کہا ہے کہ حیا وشرم کے ساتھ مال لینا (جس سے عزتِ نفس کے مجروح ہونے کا احساس ہو) تلوار کے ساتھ مال لینے کے برابر ہے۔ خاص کر جب اس محفل میں بھرے پیٹوں کے ساتھ، ڈھول ڈھمکے اور باجے گاجے ایسے آلاتِ موسیقی کے ذریعے راگ وسرور بھی مل جائے، مَردوں، نوعمر لڑکوں اور بے پردہ عورتوں کے ساتھ اجتماع کی بھی صورت ہو، جنھوں نے بناؤ سنگار کر رکھا ہو اور وہ باہم مخلوط ہوں یا اوپر سے محفل کا تماشا کر رہی ہوں۔ اس کے ساتھ رقص، کبھی کمر کو جھکا کر اور کبھی بازوؤں اور رُخوں کو اِدھر اُدھر موڑ کر ہو رہا ہو اور یوں لہو ولعب اور روزِ آخرت کی فراموشی کا عالم ہو۔ عورتوں کی الگ محافل بھی کچھ کم فتنہ انگیز نہیں ہوتیں، جہاں وہ اپنی آوازیں بلند کرتی ہیں اور مزے لے لے کر گاتی ہیں۔ ذکر تلاوت کے وقت حدِ شرع سے تجاوز کرتی ہیں، بلکہ عام حد سے بھی آگے نکل جاتی ہیں، یعنی خواہ مخواہ چیخ چیخ کر آوازیں نکالتی ہیں، اور یوں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے سراسر غفلت کا ثبوت دیتی ہیں:

ان ربك لبالمرصاد۔ ''بے شک تیرا رب گھات میں ہے۔''

''ایسی محفل کے حرام ہونے میں کسی کو اختلاف نہیں ہوسکتا اور کوئی مہذب اور دین دار آدمی اس کو بہ نظرِ استحسان نہیں دیکھ سکتا۔ جن کے دل مرچکے ہوں اور جو بھی گناہ

ومعصیت سے آزاد نہیں ہو سکتے، وہی اس میں لذت پاتے ہیں۔ اور ستم ظریفی یہ کہ وہ اس کو عبادت بھی کہتے ہیں اور ممنوع اور حرام خیال نہیں کرتے۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

بدا الاسلام غریبا وسیعود کما بداء۔

''اسلام غریب ہی شروع ہوا اور عنقریب اس کی پہلی حالت لوٹ آئے گی۔''

ہمارے شیخ قشیری نے اس معاملے میں جس کو ہم نے جائز بنا رکھا ہے۔ کیا خوب کہا ہے:

قد عرف المنکر واستنکر المعروف فی ایامنا الصعبته

''ہمارے پُر آشوب دور میں منکر معروف اور معروف منکر ہو گیا ہے۔''

وصار اهل العلم فی وهده   وصار اهل الجهل فی رتبته

اہلِ علم پست اور بے قدر۔ اور جاہل بلند مرتبہ ہو گئے ہیں۔

حادوا عن الحق اللذی   سار وابه فیما مضی نسبته

حق سے دور ہو گئے ہیں ان کے طریقے کو، طریق سلف سے کوئی نسبت نہیں ہو سکتی۔

فقلت للابرار اهل التقی   والدین لما اشتدت الکربته

کرب میں نے ابرار (نیک لوگوں سے) جو اصحابِ تقویٰ اور اہلِ دین کہا

لا تنکروا حوالکم قرأتت   لو بتکم فی زمن الغربته

اپنے حال سے پریشان نہ ہو کہ تمہاری باری زمانہ غربت میں آئی ہے۔

امام ابو عمر بن العلاء نے کیا خوب فرمایا:

لا یزال الناس بخیر   ما تعجب   من العجب

''لوگ ہمیشہ نیکی پر رہیں گے (یعنی نیکی کا وجود دنیا سے کبھی ختم نہ ہوگا) اس عجیب دور سے گھبرانے کی کیا ضرورت ہے۔''

مزید براں ربیع الاول صرف حضور ﷺ کی ولادتِ باسعادت کا ہی نہیں بلکہ آپ کی وفات کا بھی مہینہ ہے۔ اس لیے اس میں خوشی ومسرت کا اظہار غم وحزن سے بہتر نہیں ہوسکتا۔ محفلِ میلاد کے بارے میں ہم یہی کچھ کہتے ہیں، اور اللہ تعالیٰ سے حسنِ قبول کی توقع رکھتے ہیں۔''

مذکورہ بالا رسالے کا رد

فاکہانی نے اس مختصر سے مضمون میں جو کچھ کہا ہے، اب اس پر میری گفتگو ملاحظہ فرمایئے:

اس کا یہ کہنا کہ کتاب وسنّت میں مجھے میلاد شریف کی اصل کا علم نہیں ہوسکا۔ تو اس سلسلے میں عرض ہے کہ کسی چیز کے علم کی نفی، اس کے وجود کی نفی کو مستلزم نہیں (یعنی ضروری نہیں کہ جس چیز کا کسی کو علم نہ ہو وہ درحقیقت موجود بھی نہ ہو)۔ امام الحفاظ ابوالفضل احمد بن حجر رحمۃ اللہ علیہ نے میلاد شریف کی اصل سنّت سے نکالی ہے۔ ایک اور اصل میں نے بھی نکالی ہے، جس کا ذکر بعد میں آئے گا۔

اور فاکہانی کا یہ کہنا کہ یہ بدعت ہے۔ جیسے فضول اور بے ہودہ لوگوں اور پیٹ کے ان بندوں نے ایجاد کیا ہے، جن پر شہوتِ نفس کا غلبہ ہے۔ اور پھر بدعت کی مختلف قسمیں بیان کر کے یہ کہنا کہ یہ نہ تو واجب ہے، نہ مندوب، اس لیے کہ نہ تو شرع ہی نے اس کا مطالبہ کیا ہے اور نہ صحابہ وتابعین اور نہ ہی متقدمین علما نے اسے منعقد کیا ہے۔ اس سلسلے میں ہم کہتے ہیں جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے، اسے ایک سلطان عادل وعالم نے ایجاد کیا، جس سے اس کا مقصد تقرب الی اللہ کا حصول تھا۔ اس کے پاس بہت سے علما وصلحا موجود تھے مگر کسی نے اس پر نکیر نہیں کی، بلکہ ابن وحیہ (ایسے یگانہ روزگار عالم دین نے) اسے پسند کیا اور اس موضوع پر اس کے لیے ایک کتاب لکھی (جس کا ذکر اوپر گذر چکا) یہ سب متقدمین علما ہی تھے جنہوں نے میلاد شریف کو پسند کیا، اس کی تائید وتوثیق کی اور مذمت یا تردید نہیں کی (جو اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ فاکہانی نے جو کچھ بیان کیا، غلط ہے) رہا اس کا یہ کہنا کہ یہ مندوب بھی نہیں۔ اس لیے مندوب حقیقت میں وہ عمل ہوتا ہے جس کا شرع نے مطالبہ کیا ہو۔ اس سلسلے میں گزارش ہے کہ مندوب کے بارے میں شرع کا مطالبہ کبھی تو نص کے ذریعے سے معلوم ہوتا ہے اور کبھی قیاس کے ذریعے۔ میلاد شریف کے بارے میں اگرچہ نص وارد نہیں ہوئی، تاہم ان دو اصلوں سے جن کا ذکر آگے آئے گا، قیاس ضرور ہوتا ہے یعنی ان

دو اصلوں پر قیاس کر کے اس کے ندب کا اندازہ کیا جاسکتا ہے)

بدعت کی مختلف قسمیں

اور اس کا یہ کہنا کہ میلاد شریف مباح بھی نہیں ہوسکتی، اس لیے کہ اس پر اہلِ اسلام کا اجماع ہے کہ جو چیز دین میں بدعت ہے وہ مباح نہیں ہوسکتی، بلکہ مباح بھی ہوتی ہے، مندوب بھی اور واجب بھی۔ امام نووی 'تہذیب الاسماء واللغات' میں فرماتے ہیں:

البدعة فی الشرع هی احداث مالم یکن فی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم وهی منقسمة الی حسنة وقبیحة.

''بدعت شرعی اصطلاح میں اس نئی چیز کو کہتے ہیں، جو رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں نہیں تھی۔ اس کی دو قسمیں ہیں، بدعتِ حسنہ اور بدعتِ قبیحہ (جسے عام طور پر بدعتِ سیئہ بھی کہتے ہیں)

شیخ عزالدین بن عبدالسلام، القواعد میں لکھتے ہیں:

البدعة منقسمة الی واجبة ومحرمة ومندوبة ومکروهة ومباحة قال والطریق فی ذلك ان تعرض البدعة علی قواعد الشریعة فاذا دخلت فی قواعد الایجاب فهی واجبة اوفی قواعد التحریم فهی محرمة اوالندب فمندوبة اوالمکروهة فمکروهة اوالمباح فمباحة.

''بدعت کی کئی قسمیں ہیں۔ واجب، حرام، مندوب، مکروہ اور مباح۔ یہ جاننے کے لیے کہ کوئی چیز کس قسم کی ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہم اس بدعت کو شریعت کے قواعد پر پرکھیں۔ اگر یہ قواعد ایجاب میں داخل ہو تو یہ واجب ہے، اگر تحریم میں ہو تو یہ حرام ہے، اگر ندب میں ہو یہ مندوب ہے، اگر مکر میں تو یہ مکروہ ہے، اگر رباحت میں تو یہ مباح ہے۔''

اس کے بعد انہوں نے بدعت کی ان پانچ قسموں کی مثالیں بیان کی ہیں اور لکھا ہے:

وللبدع المندوبة منها احداث الربط والمدارس وکل احسان لم یعهد فی العصر الاوّل، ومنها التراویح والکلام فی دقائق التصوف وفی

الجدل ومنها جمع المحافل للاستدلال فى المسائل ان قصد بذالك وجه الله تعالىٰ۔

''بدعت مندوب کی کئی مثالیں ہیں مثلاً مسافر خانے اور مدرسے بنانا، اور ہر قسم کا کارِ خیر جو پہلے زمانے میں نہیں کیا گیا (اور بعد میں ایجاد ہوا) مثلاً تراویح، دقائقِ تصوف کا بیان، علمِ کلام ومناظرہ اور مسائل میں استدلال کے لیے محافل کا انعقاد، بشرط یہ کہ ان سے رضاے الٰہی کا حصول مدِ نظر ہو۔''

بیہقی نے مناقب شافعی میں خود امام شافعی سے، اپنی اسناد کے ساتھ نقل کیا ہے کہ انہوں نے فرمایا:

المحدثات من الأمور ضربان، أحدهما: ما أحدث مما يخالف كتابا أو سنة أو أثرا أو اجماعا، فهذه البدعة الضلالة، والثانى: ما أحدث من الخير لاخلاف فيه لواحد من هذا، وهذه محدثة غير مذمومة، وقد قال عمر رضى الله عنه فى قيام شهر رمضان: "نعمت البدعة هذه" يعنى أنها محدثة لم تكن، واذ كانت فليس فيها رد لما مضى۔

''بدعات کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جو کتاب وسنّت اور اثر واِجماع کے خلاف ہو، یہ بدعتِ ضلالۃ ہے۔ دوسری وہ جسے کسی نیک مقصد کے لیے ایجاد کیا گیا ہو، اور کتاب وسنّت اور اثر واِجماع میں سے کسی کے مخالف نہ ہو۔ ایسی بدعت غیر مذمومہ ہے (یعنی شرعاً اس میں کوئی برائی نہیں)۔ جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے قیامِ رمضان (تراویح) کے بارے میں فرمایا: نعمت البدعة هذا۔ ''کتنی اچھی بدعت ہے یہ'' یعنی یہ ایسی اختراع ہے جو پہلے نہیں تھی اور اب شروع ہوئی ہے تو اس میں پہلی کسی چیز کی تردید نہیں پائی جاتی۔''

بدعتِ مندوب

اس سے شیخ تاج الدین کی اس عبارت کی بھی تردید ہوگئی ہے جس میں انہوں نے کہا ہے کہ میلاد شریف مباح بھی نہیں ہو سکتی، بلکہ یہ بدعتِ مکروہہ ہے۔ کیوں کہ یہ ایجاد کردہ

اُمور کی اس قسم سے ہے، جس میں کتاب وسنّت اور اثر واِجماع میں کسی کی مخالفت نہیں پائی جاتی، اس لیے یہ غیر مذموم ہے (یعنی شرعی نقطۂ نظر سے اس میں کوئی برائی نہیں) جیسا کہ امام شافعی کی عبارت میں ہے اور یہ کارِ خیر ہے جسے اگرچہ (بصورتِ موجودہ) عصرِ اوّل میں نہیں کیا گیا اور بعد میں ایجاد ہوئی ہے کھانے کی دعوت، جس میں کسی گناہ کا ارتکاب نہ ہو، نیکی ہی کا کام تو ہے۔ لہٰذا میلاد شریف کے سلسلے میں ایسا اجتماع جس میں کوئی آدمی اپنے خاص مال سے اپنے اہل وعیال اور دوست احباب کے لیے کھانے کی دعوت کرے اور اس میں کسی خلافِ شرع اُمور کا ارتکاب نہ ہو، بدعتِ مندوبہ ہے۔ جیسا کہ ابن عبدالسلام کے مذکورہ بالا بیان سے ظاہر ہے۔

حرام ومکروہ باتیں

فاکہانی نے جو دوسری صورت بیان کی ہے اور اس پر جو تنقید کی ہے، وہ فی نفسہٖ صحیح ہے۔ بلاشبہ ایسی محفل جس میں مرد عورتیں، جوان، نوعمر لڑکے باہم خلط ملط ہوں اور جس میں رقص وسرور اور چنگ ورباب کی گرم بازاری ہو یا ایسی محفل جس میں عورتیں الگ جمع ہو کر بلند آواز سے گاتی ہوں، حرام ہے۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں کہ میلاد شریف کا منعقد کرنا ہی حرام ٹھہرا بلکہ مذکورہ بالا صورتوں میں حرمت میلاد شریف کے سلسلے میں اجتماع منعقد کرنے کی وجہ سے نہیں، بلکہ ان چیزوں کی بنا پر ہے، جو شریعت میں حرام ہیں اور اس مبارک اجتماع کے ساتھ مل گئی ہیں (اور اگر ان چیزوں کو نہ کیا جائے تو میلاد شریف ذکر مصطفیٰ ﷺ کی محفل ہوگی) بلکہ اس قسم کے اُمور نمازِ جمعہ کے اجتماع پر پیش آئیں تو ظاہر ہے کہ یہ ایک قبیح حرکت اور بُری بات ہوگی، مگر اس سے نمازِ جمعہ کے اصل اجتماع کی مذمت لازم نہیں آتی۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ اس قسم کے بعض اُمور، رمضان شریف کی راتوں میں بھی جب نمازِ تراویح کے لیے لوگ جمع ہوتے ہیں، پیش آجاتے ہیں۔ تو کیا ان اُمور کی وجہ سے نمازِ تراویح کے اجتماع کی مذمت کا تصور کیا جا سکتا ہے؟ ہرگز نہیں! بلکہ ہم کہتے ہیں کہ نمازِ تراویح کا اصل اجتماع تو سنّت ہے اور نیکی اور عبادت کا کام ہے مگر جو مذکورہ بالا قسم کے اُمور اس کے ساتھ مل گئے ہیں، قبیح

اور شنیع ہیں۔ اسی طرح ہم کہتے ہیں کہ میلاد کے سلسلے میں منعقد کیا جانے والا اجتماع تو بذاتِ خود مندوب اور نیکی کا کام ہے، مگر مذکورۃ الصدر قسم کے جو دیگر اُمور اس کے ساتھ مل گئے ہیں، مذموم وممنوع ہیں۔

آخری اعتراض کا رَد

آخر میں فاکہانی کا یہ کہنا کہ ربیع الاوّل تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے ساتھ ساتھ آپ کی وفات کا مہینہ بھی ہے، لہٰذا اس میں غم وحزن کے بجائے خوشی ومسرت کا اظہار بہتر مناسب نہیں۔ اس کے جواب میں اوّل تو یہ عرض ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ہم پر اللہ تعالیٰ کی سب سے بڑی نعمت ہے، اور آپ کی وفات ہمارے لیے سب سے بڑی مصیبت مگر شریعت نے نعمتوں پر اظہارِ شکر کی ترغیب دلائی ہے اور مصائب پر صبر وسکون اور خاموشی کی تلقین کی ہے۔ شریعت نے ولادت کے موقع پر عقیقہ کرنے کا حکم دیا ہے جس سے بچے کی پیدائش پر خوشی اور مسرت کا اظہار ہوا ہے اور موت کے وقت جانور ذبح کرنے کا حکم نہیں دیا ہے اور نہ ہی ایسی کسی اور بات کا، بلکہ نوحہ جزع فزع کرنے سے منع فرمایا ہے۔ لہٰذا قواعدِ شریعہ اس پر دلالت کرتے ہیں کہ اس ماہِ مقدس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت کے سلسلے میں خوشی منانا وفات پر غم کرنے سے بہتر ہے۔ ابن رجب نے کتاب ''اللطائف'' میں روافض کی مذمت کرتے ہوئے لکھا ہے کہ انہوں نے حضرت سیدنا امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے باعث، عاشورہ کو یوم ماتم بنایا ہے، حالاں کہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انبیا کے مصائب اور وفات کے ایام کو بھی ایامِ ماتم بنانے سے منع کر دیا ہے۔ چہ جائے کہ ان کے علاوہ کسی اور کے لیے یہ اہتمام کیا جائے۔

ابن الحاج کا مؤقف

امام ابوعبداللہ بن الحاج نے بھی اپنی کتاب المدخل میں میلاد شریف کے موضوع پر بڑی پختگی اور جزرسی سے کلام کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ انہوں نے میلاد شریف کی خوشی

منانے اور اس پر شکر کا اظہار کرنے کی تعریف کی ہے اور اس میں جو حرام وممنوع چیزیں شامل ہوگئی ہیں ان کی مذمت کی ہے۔ یہاں میں ان کا کلام فصل وار درج کرتا ہوں:

کچھ میلاد کے بارے میں

من جملہ ان بدعات کے جو ان لوگوں نے ایجاد کر رکھی ہیں اور اس کے ساتھ ہی وہ یہ اعتقاد بھی رکھتے ہیں کہ یہ بہت بڑی عبادت اور اظہارِ شعائر (کسی امرِ عظیم کی یادگار منانا) ہے۔ یہ ہے کہ وہ ربیع الاوّل کے مہینے میں میلاد کرتے ہیں۔ جو بہت سی بدعات اور محرمات پر مشتمل ہوتی ہے۔ ان میں چند یہ کہ شرکاء نغمے اور غزلیں گاتے ہیں اور اس کے ساتھ آلاتِ موسیقی، ڈھولکیاں، بانسریاں اور سارنگیاں وغیرہ استعمال کرتے ہیں، اور اس سلسلے میں کئی اور بُری حرکتیں کرتے ہیں، جو اکثر رسمی طور پر وہ ان اوقات میں کیا کرتے ہیں، جنہیں اللہ تعالیٰ نے فضیلت وعظمت سے نوازا ہے (مثلاً عید وغیرہ کے مواقع) اور جو سراسر بدعات ومحرمات ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اس طرح کا سماع، اگر اس کے علاوہ دوسری راتوں میں بھی کیا جائے تو بھی ناجائز ہے، چہ جائیکہ اسی ماہِ مقدس میں جسے خدائے بزرگ وبرتر نے فضیلت وبرکت بخشی ہے کہ اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس میں پیدا کیا ایسا سماع کیا جائے جس میں آلاتِ طرب کا استعمال کیا جائے۔ ایسے سماع کو اس ماہِ مبارک کی عظمت سے کیا نسبت ہوسکتی ہے، جس میں اللہ جل مجدہ نے ہم پر حضور سید الاوّلین والاخرین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادتِ باسعادت کا احسانِ عظیم فرمایا ہے۔ لہٰذا واجب ہے کہ اس مہینے میں خاص طور پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالایا جائے اور زیادہ سے زیادہ عبادت اور خیرات کی جائے کہ اس نے ہمیں اس نعمت کبریٰ سے سرفراز فرمایا (کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اس میں پیدا فرمایا)۔ اگرچہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس مہینے میں دوسرے مہینوں کی نسبت زیادہ عبادت نہیں فرمائی (اور نہ ہی اس کا حکم دیا ہے) مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ایسا کرنا دراصل اپنی اُمت پر رحمت وشفقت کے باعث تھا اور ان کے لیے نرمی اور آسانی پیدا کرنے کے لیے تھا۔ اس لیے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کوئی عمل چھوڑ دیتے تھے کہ کہیں یہ آپ کی اُمت پر فرض نہ ہوجائے، اور یہ حضور کی ہم پر رحمت کا نتیجہ ہے۔

یوم میلاد اور صاحبِ میلاد ﷺ کے فضائل

تاہم حضور علیہ السلام نے ایک سائل کے جواب میں اس ماہِ عظیم کی فضیلت کی طرف اشارہ فرمایا ہے، جب سائل نے آپ سے پیر کے دن روزہ رکھنے کے بارے میں استفسار کیا تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا:

ذالك يوم ولدت فيه۔ یہ میرا روزِ ولادت ہے۔ (الحدیث)

چنانچہ اس دن (یعنی پیر) کی فضیلت اس مہینے (یعنی ربیع الاوّل) کی فضیلت کو متضمن ہے۔ جس میں حضور ﷺ جلوہ فرمائے عالم ہوئے۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ اس کے احترام کا حق ادا کریں اور اس کو اس طرح افضل سمجھیں جس طرح اللہ تعالیٰ نے دیگر مبارک مہینوں کو افضل قرار دیا ہے۔ اس ضمن میں حضور ﷺ کا ارشاد ہے:

انا سيد ولد ادم ولا فخر ادم فمن دونه تحت لوائى۔

”میں اولادِ آدم کا سردار ہوں، اور اس میں کوئی فخر کی بات نہیں۔ آدم علیہ السلام اور ان کے علاوہ دیگر تمام انبیا (قیامت کے دن) میرے جھنڈے تلے ہوں گے۔“

اوقات ومقامات کی فضیلت، ان عبادات کے باعث ہوتی ہے جو اُن میں کی جاتی ہیں اور جن سے اللہ تعالیٰ نے انہیں خصوصیت بخشی ہے۔ جب یہ معلوم ہو گیا کہ اوقات و مقامات کو بذاتِ خود کوئی شرافت و بزرگی حاصل نہیں ہوتی بلکہ یہ شرافت و بزرگی ان خصائص وامتیازات کی وجہ سے حاصل ہوتی ہے (جن سے اسے سرفراز فرمایا جاتا ہے)۔ تو غور کرو اس عظیم ترین نعمت پر جس سے اللہ تعالیٰ نے اس ماہِ مبارک ربیع الاوّل شریف کو اور پیر کے دن کو مخصوص وممتاز فرمایا ہے۔ کیا نہیں دیکھتے کہ پیر کے دن کے روزہ کی بڑی فضیلت ہے اس لیے کہ حضور ﷺ اس میں پیدا ہوئے۔ اس لیے نہایت مناسب ہے کہ (اور ہمیں چاہیے) کہ جب یہ ماہِ مقدس آئے تو اس کے شایانِ شان اس کی تعظیم وتکریم اور اجلال واحترام کیا جائے اور حضور ﷺ کی پیروی کی جائے کہ حضور بذاتِ اقدس، افضل اوقات میں زیادہ سے زیادہ نیکیاں اور خیرات کرتے اور ان کا خصوصی اہتمام فرماتے تھے۔ کیا حضرت

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا یہ قول تمہاری نظر سے نہیں گزرا کہ: **كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اجود الناس بالخير وكان اجود ما يكون فى رمضان۔**

”رسول اللہ ﷺ سب لوگوں سے زیادہ سخی تھے اور رمضان شریف میں سب سے زیادہ سخاوت فرمایا کرتے تھے۔“

احترام ربیع الاوّل کیوں ضروری ہے؟

اور اس سلسلے میں ایک اشتباہ کا ازالہ!

اس لیے فضیلت والے اوقات کی جیسے حضور ﷺ نے تعظیم فرمائی ہم بھی اپنی استطاعت کے مطابق ربیع الاوّل شریف میں یہی فریضہ سرانجام دیتے ہیں۔ اور اگر کوئی یہ کہے کہ حضور ﷺ اوقاتِ فاضلہ کے سلسلے میں جو التزام فرمایا ہے وہ تو معلوم ہے، لیکن جو التزام دوسرے مہینوں میں فرمایا ہے وہ اس مہینے (یعنی ربیع الاوّل شریف) میں نہیں فرمایا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بات تو اچھی طرح معلوم ہے کہ حضور ﷺ کی یہ عادتِ کریمہ تھی کہ آپ اُمت کے لیے تخفیف چاہتے تھے، خاص کر ان اُمور میں جو آپ کی ذاتِ مبارک کے ساتھ تھے۔ کیا نہیں دیکھتے کہ حضور سید عالم ﷺ نے مدینہ منورہ کو اسی طرح حرم قرار دیا جس طرح حضرت ابراہیم علیہ السلام نے مکہ مکرمہ کو قرار دیا تھا، مگر آپ نے مدینہ شریف میں شکار کرنے، درخت کاٹنے وغیرہ پر کوئی سزا مقرر نہیں فرمائی اور ایسا اُمت کے لیے تخفیف ورحمت کے طور پر کیا۔ گویا حضور ﷺ یہ دیکھا کرتے تھے کہ کونسی چیز ان کے اپنی ذات سے خاص ہے۔ اگرچہ وہ فی نفسہٖ فضیلت ہوتی، لیکن آپ اُمت پر تخفیف کی خاطر اسے چھوڑ دیتے ہیں۔ ربیع الاوّل شریف کی تعظیم اسی قبیل سے ہے کہ اس میں زیادہ سے زیادہ نیک اعمال اور صدقات وخیرات کیے جائیں۔ جو ایسا نہیں کر سکتا (یعنی کسی وجہ سے اِن اُمور کو سر انجام نہیں دے سکتا) تو کم از کم اسے یہ چاہیے کہ اس مقدس مہینے کی تعظیم کے پیشِ نظر حرام اور مکروہ باتوں سے مجتنب رہے۔ اگرچہ یہ اُمور دوسرے مہینوں میں بھی کرنے مطلوب ہیں مگر یہ مہینہ تو سب سے زیادہ احترام کے لائق ہے۔ جیسے رمضان المبارک اور دوسری حرمت

والے مہینوں میں زیادہ سے زیادہ محتاط رہتا ہے۔ حدث فی الدین کو چھوڑ دیتا ہے اور دوسری غیر مناسب باتوں سے مجتنب رہتا ہے۔

ابن الحاج کی تنقید

مگر موجودہ زمانے میں بعض لوگ اس کے برخلاف عمل کرتے ہوئے پائے جاتے ہیں اور وہ یہ کہ جب یہ بابرکت مہینہ آتا ہے تو آلات موسیقی کے ساتھ لہولعب میں مصروف ہو جاتے ہیں۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ وہ راگ رنگ کرتے ہیں اور پھر یہ زعم رکھتے ہیں کہ وہ اس ماہِ مبارک کا احترام کررہے ہیں۔ طرفہ یہ کہ وہ قرآنِ مجید کی تلاوت سے میلادشریف کی ابتدا کرتے ہیں اور پھر لذتِ نفس کے لیے جذبات میں اضطراب و ہیجان پیدا کرنے کے فن میں جو زیادہ ماہر ہو، اُسے لاجاتا ہے۔ اس میں کئی مفاسد اور خرابیاں کارفرما ہیں مگر وہ اسی پر اکتفا نہیں کرتے بلکہ بعض تو اس میں ایک اور خطرناک بات کا اضافہ بھی کرلیتے ہیں کہ مغنی نوجوان ہوتا ہے، خوب صورت، خوش آواز، نفیس لباس اور حسین ہیئت رکھتا ہے۔ غزل پڑھتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ آواز میں زیروبم اور حرکات میں اُتار چڑھاؤ پیدا کرتا جاتا ہے اور یوں حاضرین مرد اور عورتوں کو فتنے میں ڈال دیتا ہے۔ نتیجہ یہ کہ فریقین فتنے کا شکار ہوجاتے ہیں اور دیگر بے شمار خرابیاں جڑ پکڑتی ہیں۔ بعض انتہائی صورتوں میں اس سے مرد اور بیوی کا حال تباہ ہوجاتا ہے اور ان میں جدائی تک کی نوبت آجاتی ہے اور یوں تباہی اور بربادی کا وہ دور شروع ہوتا ہے جس سے بنا بنایا گھر اُجڑ جاتا ہے اور ذہن وقلب کا سکون لٹ جاتا ہے۔ یہ خرابیاں اس قسم کا میلادشریف کرانے کا نتیجہ ہوتی ہیں جب ساتھ میں سماع بھی کیا جائے۔
ہاں اگر میلادشریف ان خرابیوں (اور اس قسم کے سماع) سے خالی ہو، صرف کھانا پکایا جائے اور اس سے میلاد کی نیت ہو۔ اس میں اپنے مسلمان بھائیوں کو بلائے اور جن غیر شرعی اُمور اور حرکاتِ مذبوحی کی اوپر نشان دہی کی گئی ہے، ان سے محفوظ ہو تو یہ محض اس کی نیت کی وجہ سے بدعت ہے، کیوں کہ یہ دین میں زائد چیز ہے اور سلف صالحین نے اسے نہیں کیا اور ظاہر ہے کہ سلف کی اتباع ہی بہتر اور اولیٰ ہے۔ سلف میں سے کسی سے یہ نقل نہیں کیا گیا اور نہ ہی

کسی کے بارے میں بیان کیا گیا ہے کہ اس نے میلادشریف کی نیت کی اور ہم انہیں کے پیرو کار ہیں اور اس کے مکلّف جس کے وہ تھے (اس لیے ہم وہ ہی کریں گے جو انہوں نے کیا)۔

حاصلِ تنقید

ابن الحاج کے مذکورۃ الصدر بیان کا حاصل یہ ہے کہ انہوں نے میلادشریف کی مذمت نہیں کی بلکہ ان چیزوں کی مذمت کی ہے جو شرعاً حرام اور مکروہ ہیں۔ ان کے آغازِ کلام سے واضح ہوجاتا ہے کہ اس ماہِ مقدس کو خصوصیت دی جائے اور اس کی تعظیم وتکریم کی جائے، اس میں زیادہ سے زیادہ نیک کام کیے جائیں، بڑھ چڑھ کر عبادات وخیرات وصدقات اور ایسی ہی دوسری نیکیاں کی جائیں۔ میلادشریف منانے کا یہ وہ طریقہ ہے جسے انہوں نے مستحسن قرار دیا ہے۔ کیوں کہ اس میں تلاوتِ قرآن مجید اور دعوتِ طعام کے سوا کچھ نہیں ہوتا اور یہ خیر وثواب کا کام ہے۔ جہاں تک ان کے اس قول کا تعلق ہے کہ یہ بدعت ہے تو یہ یا تو ان کے پہلے بیان کے خلاف ہے (جس میں خود ابن الحاج نے ربیع الاوّل شریف کی تعظیم پر زور دیا ہے)۔ یہ ہوگا کہ میلادشریف ایک کارِ خیر اور پسندیدہ کام ہے اور بدعت میلادشریف کی نیت سے ہے۔ جیسا کہ اپنے اس قول میں انہوں نے اس طرف اشارہ کیا ہے:
"فھو بدعة بنفس نیته فقط" "یہ محض اس کی نیت کی وجہ سے بدعت ہے۔"

اس کا علمی محاسبہ

رہا ابن الحاج کا یہ کہنا کہ سلف میں سے کسی کے بارے میں نقل نہیں کیا گیا کہ اس نے میلاد کی نیت کی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ انہوں نے میلادشریف کی نیت کو مکروہ کہا ہے، اور کھانا پکانے اور مسلمان بھائیوں کو اس کی دعوت دینے کو مکروہ نہیں کہا۔ اور کھانا پکانا اور اپنے مسلمان بھائیوں کو اس کی دعوت دینا ان کی نظر میں بھی مکروہ نہیں ہے۔ اس پر اگر نظرِ تحقیق ڈالی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ان کا یہ قول ان کے پہلے کلام کے مطابق نہیں ہے۔ اس لیے کہ انہوں نے پہلے تو ربیع الاوّل شریف میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے، زیادہ سے زیادہ

عبادت وخیرات اور دیگر اُمورِ خیر سرانجام دینے کی تلقین کی ہے کہ اس نے اس ماہِ مقدس میں اپنے حبیب سید المرسلین ﷺ کو پیدا فرمایا۔ میلاد شریف کی نیت سے یہی تو مراد ہے پہلے ایک بات زور دے کر پھر اس کی مذمت کیسے کی جاسکتی ہے؟ بلکہ مجرد نیکی وعبادت، خیرات وغیرہ اور دیگر اُمورِ خیر بغیر نیت کے دراصل تصور بھی نہیں کیے جاسکتے اور اگر تصور بھی کر لیے جائیں تو یہ عبادت نہیں ہو سکتے اور نہ ہی ان سے ثواب ملتا ہے۔ اس لیے کہ کوئی عمل بغیر نیت کے قابلِ قبول نہیں اور میلاد شریف میں نیت تو ربیع الاوّل شریف میں حضور نبی کریم ﷺ کی ولادتِ باسعادت پر اللہ تعالیٰ کا شکر بجالانے کی ہی ہوتی ہے۔ میلاد شریف کی نیت سے یہی مراد ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ یہ نیتِ مستحسنہ (یعنی ایک نیت) ہے اس پر اچھی طرح سے غور کرو (اور اسے خوب ذہن نشین کرلو)۔

میلاد کی ایک انوکھی صورت

اس کے بعد ابن الحاج کہتے ہیں کہ بعض لوگ ایسے ہیں جو میلاد کو مجرد تعظیم کے لیے نہیں کرتے، بلکہ کسی شخص کے مختلف لوگوں کے پاس روپے پیسے بکھرے ہوتے ہیں[1] جو اس نے بعض مواقع اور تقریبات پر انہیں دے رکھے ہوتے ہیں، اور وہ یہ چاہتا ہے کہ انہیں واپس حاصل کرلے، مگر مانگنے سے شرماتا ہے۔ چنانچہ وہ میلاد کا اہتمام کرتا ہے، اور یا یہی لوگوں کے پاس اس کا جمع شدہ مال ہے، کی بازیابی کا سبب بن جاتی ہے۔ اس میں کئی طرح کی خرابیاں پائی جاتی ہیں۔ ایک یہ کہ اس میں نفاق پایا جاتا ہے جو کچھ وہ ظاہر کرتا ہے، دل میں اس کے خلاف موجود ہوتا ہے۔ ظاہر یہ کرتا ہے کہ وہ میلاد شریف اس لیے کررہا ہے کہ اس سے آخرت کی بھلائی حاصل کرنا چاہتا ہے، اور دل میں یہ ہوتا ہے کہ اس کے جو روپے پیسے لوگوں کے پاس متفرق ہیں، انہیں واپس حاصل کرے۔ بعض ایسے بھی ہوتے ہیں جو میلاد شریف اس لیے کرتے ہیں کہ لوگوں سے پیسے بٹوریں یا لوگ ان کی تعریف (وستائش) کریں

[1] یہ محض مبالغہ آرائی ہے کم از کم ہمارے دیکھنے میں ایسا کوئی شخص نہیں آیا کہ جس نے اس مقصد کے لیے میلاد کر دیا ہو کہ وہ لوگوں کے پاس اپنی متفرق رقم کو اکٹھا کرے۔ (مترجم عفی عنہ)

